ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(523)

30.09.23

**بہاولپور(        ):12ربیع الاول عیدمیلا دالنبیﷺ کے حوالے پرسیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، پرامن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی مرکزی جلوس میں خصوصی شرکت۔سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔بہترین سیکیورٹی وانتظامات پر منتظمین جلوس کا ڈی پی او بہاولپور کوخراج تحسین۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹرعثمان انور کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر 12 ربیع الاول عیدمیلا دالنبیﷺ کے موقع پرسیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے۔اس حوالے سے ضلع بھر میں 73 جلوس نکالے گئے۔ 09 محافل میلا دمنعقد ہوئیں۔جن پر1300 سے زائد پولیس افسران واہلکاران نے ڈیوٹی سرانجام دی۔ ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیے۔عید میلا دالنبیﷺ کے حوالے سے نکالے جانے والے مرکزی جلوس میں ڈی پی او سید محمد عباس نے خصوصی شرکت کی۔ڈی پی او جلوس کے ساتھ چلتے ہوئے میلاد چوک تک پہنچے۔ڈی پی او نے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران کو بریف کیا اور سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کے بھی احکامات جاری کیے تھے۔منتظمین جلوس وشرکا نے بہترین سیکیورٹی انتظامات پرڈی پی او کوخراج تحسین پیش کیا۔ٹریفک کورواں دواں کرنے کے لیے ٹریفک کا علیحدہ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا تھا۔موجودہ ملکی صورت حال اور دہشت گردی کے واقعات کے پیش نظر جلوس ومحفل نعت کی سکیورٹی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے تھے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جاسکے۔ جلوس میں شامل ہونے والے افراد کی مکمل تلاشی کی گئی۔جلوسوں میں آنے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا گیا تھا۔ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ جلوسوں کے اردگرد اپنی گشت جاری رکھی۔اس موقع پر پولیس لائن بہاولپور میں اضافی نفری بھی سٹینڈ ٹو رہی۔ جو کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رسپانس کرنے کیلئے تھی۔عید میلا دالنبیﷺ۔کے حوالے سے ڈی پی او آفس میں ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا تھا۔ڈی پی او نے بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر پولیس فورس اور تمام یونٹس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاولپور: 12ربیع الاول عیدمیلا دالنبیﷺ کے حوالے پرسیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے پرامن انعقاد کے سلسلہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی مرکزی جلوس میں خصوصی شرکت**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (524)

30.09.2023

**بہاولپور (          ) وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، گزشتہ 48 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی۔ منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا، جس کے نتیجہ میں تھانہ سول لائینز، تھانہ کوتوالی، تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ چنی گوٹھ، تھانہ سٹی یزمان، تھانہ صدر یزمان، تھانہ سٹی حاصل پور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیتے ہوئے۔ گزشتہ 48 گھنٹے میں 09 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 130 لیٹر شراب، 05 کلو 530 گرام چرس اور 15 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ گزشتہ 48 گھنٹوں میں 03 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔ منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی